# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 441-اے ایس ایف　　　　　　　　　　بتاریخ 26-01-2021

## ترمیمی نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (سالانہ) امتحان 2021ء میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے داخلہ فارم مع امتحانی فیس وصول کرنے کا ترمیمی شیڈول حسب ذیل ہے۔

**ترمیمی شیڈول**

| | | |
|---|---|---|
| -1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 16-نومبر 2020ء تا 16-فروری 2021ء |
| -2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 17-فروری 2021ء تا 26-فروری 2021ء |
| -3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 27-فروری 2021ء تا 09-مارچ 2021ء |

**اہم قواعد:-**

1۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ 16-نومبر 2020ء تا 16-فروری 2021ء تک اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/ طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کرواسکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس مبلغ-/395 روپے اور اصل سند/ سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/550 روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ، بنک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔

2۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ پراسیسنگ فیس-/395 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس-/550 روپے کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

☆ **09-مارچ 2021ء کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

☆ شرح فیس نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ **www.biselahore.com** وزٹ کریں۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول بورڈ کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** پر بھی دستیاب ہے۔

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس
برائے سیکرٹری

**نقل برائے اطلاع:-**

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔